AGHA STEEL
INDUSTRIES LIMITED

07th Oct, 2024 | Form 4

Ref: AGHA/ PSX/AGM/2024

The General Manager,
Pakistan Stock Exchange
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road,
Karachi

Dear Sir,

Subject: **Notice of the 11th Annual General Meeting-Published**

In Continuation to our letter dated 30th September, 2024 on the aforementioned Subject.

In this regard we would like to inform you that the notice of 11th Annual General Meeting of the Company to be held on 28th October, 2024 has been published in today's publication of the "The Nation" (English) and "Nawa-i-Waqt" (Urdu). Scanned copies of the Newspapers' clipping are enclosed herewith.

Thanking You,

Yours Sincerely,

For M/s **AGHA STEEL INDUSTRIES LIMITED**

Muhammad Muneeb Khan
Company Secretary

Encl: As Above

Registered Office: Plot No. NWIZ/I/P-133, SP6, D-2, Port Qasim Authority, Karachi.

AGHA STEEL
INDUSTRIES LIMITED

# NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 11th Annual General Meeting of the Shareholders of Agha Steel Industries Limited ("the Company") will be held on Monday, 28th October, 2024 at 11:30 a.m., Plot No NWIZ/1/P-133, (SP-6) D-2, Port Qasim, Karachi as well as through Video Conference facility to transact the following business:

**Ordinary Business**

1) To confirm minutes of Annual General Meeting held on 16th October, 2023.
2) To receive, consider and adopt annual audited financial statements of the Company together with the Directors' and the Auditors' Reports thereon for the year ended June 30, 2024.
3) To appoint the Auditors for the year ending June 30, 2025 and fix their remuneration. The Board of Directors have recommended for reappointment of M/s. Reanda Haroon Zakaria & Company Chartered Accountants as external auditors.

**Any Other Business:**

4) To transact any other business with the permission of Chair.

By the order of the Board

Date: 07th October, 2024
Karachi

**Muhammad Muneeb Khan**
**Company Secretary**

The audited Financial Statements can be downloaded by using the following QR Code:

| LINK | QR Code |
|---|---|
| https://aghasteel.com/investor-relation/#financialreports | |

**Notes:**

1. **Book Closure:**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 11th October, 2024 to 18th October, 2024 (both days inclusive). Transfers received in order by our Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi by the close of business on 10th October, 2024 will be considered in time for the determination of any entitlement, as recommended by the Board of Directors and attending the meeting.

2. **Appointment of Proxies and Attending AGM:**
   i) A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his/her proxy who shall have such rights as respects attending, speaking and voting at the meeting as are available to a member.
   ii) A duly completed instrument of proxy to be valid must be deposited at the registered office not less than 48 hours before the time of the meeting. Attested copies of valid CNIC or the passport of the member and the Proxy shall be furnished with the Proxy Form.
   iii) The instrument of proxy should be duly signed, stamped and witnessed by two persons with their names, address, CNIC numbers and signatures.
   iv) CDC account holders are also required to follow the guidelines as laid down in Circular No.1 dated 26, January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

   **A. For Attending the Meeting:**
   i) In case of individual, the account holder or sub-account holder and/or the person, whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.
   ii) Members registered on Central Depository Company (CDC) are also requested to bring their particulars, I.D. numbers and account numbers in CDS.
   iii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of meeting.

   **B. For Appointing Proxies:**
   i) In case of individual, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per requirement notified by the Company.
   ii) The Proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the meeting. Corporate entities shall submit the Board of Directors resolution/Power of Attorney with specimen signature along with proxy form.

3. **Updating of particulars:**
Please notify any change in mailing address and email address to our Share Registrar, in case of physical shareholders and in case of CDC account to its Participant/Investor Account Services.

4. **Submission of Copies of Valid CNICs (mandatory):**
Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC along with folio number are requested to send the same, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar.

5. **Payment of Dividend through electronic mode (Mandatory):**
Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders.
In order to receive dividend directly into their bank account, shareholders are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company, in case of physical shares.
In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker / participant / CDC account services.

6. **Circulation of Audited Financial Statements through QR Enabled Code:**
The Company be and is hereby allowed by The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its Notification No. S.R.O 389(I)/2023 dated March 21, 2023, to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and web link. A shareholder may request the Company Secretary or Share Registrar of the Company to provide a hard copy of Annual Audited Accounts, and the same will be provided at shareholder's registered addresses, free of cost within one week of the demand. In this regard, the Company's designated email address / Share Registrar email address will be placed on website of the Company.

7. **Unclaimed dividends & bonus shares:**
Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend or bonus shares or did not collect their physical shares, are advised to contact our Share Registrar M/s CDC Share Registrar Services Limited Ltd. to collect/enquire about their unclaimed dividend or pending shares, if any.
Please note that in compliance with Section 244 of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, all dividends unclaimed for a period of three years from the date due and payable shall be deposited to the credit of the Federal Government and in case of shares, shall be delivered to the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

8. **Filer and Non-Filer Status:**
The rates of deduction of income tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 from dividend payment will be as follows:

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Rate of tax deduction for shareholders appearing in Active Taxpayer List (ATL) | 15% |
| 2 | Rate of tax deduction for shareholders not appearing in Active Taxpayer List (ATL) | 30% |

In case of joint account, each holder is to be treated individually as appearing in ATL or not appearing in ATL and tax will be deducted on the basis of shareholding of each joint holder as may be notified by the shareholder, in writing as follows, to our Share Registrar, or if not so notified, each joint holder shall be assumed to have an equal number of shares.

The CNIC/NTN number is now mandatory and is required for checking the tax status as per the Active Taxpayers List (ATL) issued and updated by the Federal Board of Revenue (FBR) in a timely manner.

i) For any query/problem/information, the investors may contact the Share Registrar at the following phone numbers, or email addresses:
**CDC Share Registrar Services Limited**
**CDC House, 99-B, Block B,**
**S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal,Karachi - 74400.**
Email: info@cdcsrsl.com
Tel: 0800-23275

ii) Corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Share Registrar i.e. M/s CDC Share Registrar Services Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio number.

9. **Participation in the AGM via the Video Conferencing Facility:**
The Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its Circular No. 6 dated March 03, 2021 has allowed listed companies to arrange participation of shareholders in Annual General Meeting through Video Link Facility in addition to physical attendance by the members as well. Shareholders interested in attending the meeting through video conferencing are requested to email the following information with the subject "Registration for Agha Steel Industries Limited AGM" along with a valid copy of both sides of their Computerized National Identity Card (CNIC) at cdcsr@cdcsrsl.com. Video link and login credentials will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars, are received on or before 26th th October, 2024 before the time of AGM.
Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM at the email address: cdcsr@cdcsrsl.com

| Full Name of Shareholder / Proxy Holder | Company | CNIC No. | Folio No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | AGHA STEEL INDUSTRIES LIMITED | | | | |

Note:
The Notice of Meeting has been placed on the Company's website www.aghasteel.com in addition to its dispatch to the shareholders.
For the Convenience of Shareholders, The Company will provide transport facility available at Pakistan Stock Exchange at 10:00 a.m. sharp to the Venue and dropped back at Pakistan Stock Exchange

10. **Code of Conduct for Shareholders in General Meeting:**
   I. Section 215 of Companies Act, 2017 (the "Act") and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, state the Code of Conduct of the Shareholders as follows:
      a) Shareholders are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Shareholders shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the AGM is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation.
      b) Any shareholder who fails to conduct in the manner provided in this section and as specified by the Commission shall be guilty of an offence under this section and shall be liable to a penalty not exceeding of level 1 on the standard scale.
   II. Additionally, In compliance with Section 185 of Companies Act, 2017; the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its members in its meeting.

# آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ

AGHA STEEL
INDUSTRIES LIMITED

## سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے شیئر ہولڈرز کا 11واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر مورخہ 28 اکتوبر 2024 بوقت صبح 11:30 بجے، پلاٹ نمبر NWIZ/1/P-133، (SP-6)، D-2 پورٹ قاسم، کراچی پر نیز وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کے لین دین کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور:

1. مورخہ 16 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنے کیلئے۔
2. 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بشمول اس پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنے، غور کرنے اور اس کو اپنانے کیلئے۔
3. 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر کرنے اور ان کے معاوضے کا تعین کرنے کیلئے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز ریانڈا ہارون ذکریا اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

### دیگر کوئی بھی امور:

4. چیئر کی اجازت سے کوئی بھی دیگر امور:

بحکم بورڈ

مورخہ 07 اکتوبر 2024 — منیب خان

کراچی — کمپنی سیکریٹری

آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے درج ذیل QR کوڈ استعمال کرکے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں:

| QR کوڈ | لنک |
|---|---|
| [QR] | https://aghasteel.com/investor-relation/#financialreports |

### نوٹس:

#### 1. کتاب کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 11 اکتوبر 2024 سے 18 اکتوبر 2024 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی، ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس B-99، بلاک B، S.M.C.H.S.، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں مورخہ 10 اکتوبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ کے مطابق کسی بھی حقدار کے تعین کیلئے اور اجلاس میں شرکت کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

#### 2. پراکسی کا تقرر اور AGM میں شرکت:

(i) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے جس کے پاس اجلاس میں شرکت، بات کرنے اور ووٹ دینے جیسے حقوق ہوں گے، جو کسی ممبر کو دستیاب ہیں۔

(ii) کارآمد ہونے کیلئے پراکسی کا ایک باضابطہ طور پر مکمل شدہ انسٹرومنٹ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل رجسٹرڈ آفس میں جمع کرایا جانا چاہیئے۔ پراکسی فام کیساتھ کارآمد CNIC یا ممبر اور پراکسی کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں جمع کرانا ہونگی۔

(iii) پراکسی کے انسٹرومنٹ پر، دو افراد باقاعدہ دستخط اور مہر کیساتھ تصدیق کریں گے بشمول اپنے نام، پتہ، CNIC نمبرز اور دستخط۔

(iv) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو بھی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مورخہ 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ سرکلر نمبر 1 میں بیان کردہ رہنما خطوط کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہے۔

##### A. اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) فرد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص، جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہے، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کریگا۔

(ii) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں رجسٹرڈ ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ CDS میں اپنی تفصیلات، I.D نمبرز اور اکاؤنٹ نمبرز ہمراہ لائیں۔

(iii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، جس میں نامزد فرد کے نمونہ دستخط کیساتھ پیش کیا جائیگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

##### B. پراکسیز کی تقرری کیلئے:

(i) فرد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص، جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہے، کمپنی کی جانب سے مطلع کردہ ضروریات کے مطابق پراکسی فام جمع کرائیگا۔

(ii) پراکسی فام کی دو افراد تصدیق کریں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کیساتھ، بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کرنا ہونگی۔

(iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا، کارپوریٹ ادارے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، نمونہ دستخط کیساتھ جمع کرائیں گے۔

#### 3. تفصیلات کی اَپ ڈیٹنگ:

براہ کرم ڈاک کے پتہ اور ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع ہمارے شیئر رجسٹرار کو کریں، فزیکل شیئر ہولڈرز کی صورت میں اور سی ڈی سی اکاؤنٹ کی صورت میں اپنے شریک/ انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو مطلع کریں۔

#### 4. کارآمد CNIC کی کاپیاں جمع کرانا (لازمی)

ممبران، جنہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد CNIC کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی فولیو نمبر کیساتھ جمع نہیں کرائی ہے، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اسے جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیج دیں۔

#### 5. الیکٹرونک ذرائع کے تحت منافع کی ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کی دفعات کے تحت، لسٹڈ کمپنی کیلئے لازمی ہے کہ وہ نقد منافع صرف الیکٹرونک ذرائع کے تحت براہ راست شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرے۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، براہ راست بینک اکاؤنٹ میں منافع حاصل کرنے کیلئے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرار کو CNIC کی ایک کاپی کیساتھ ارسال کریں۔ CDC میں رکھے گئے شیئرز کی صورت میں، الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/ شرکت کنندہ/ CDS اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرانا چاہیئے۔

#### 6. QR کارآمد کوڈ کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی گردش:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O.389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعہ، کمپنی کو سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ (''سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے'') اپنے ممبران کو QR کارآمد کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے گردش کی اجازت دی ہے، ایک شیئر ہولڈر کمپنی کے سیکریٹری یا شیئر رجسٹرار سے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپی فراہم کرنے کی درخواست کرسکتا ہے، اور مطالبے کے ایک ہفتے کے اندر شیئر ہولڈر کے رجسٹرڈ پتے پر فراہم کی جائیگی، اس ضمن میں، کمپنی کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس/ شیئر رجسٹرار کا ای میل ایڈریس کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کیا جائیگا۔

#### 7. غیر دعویٰ شدہ منافع اور بونس شیئرز:

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہیں کرسکے یا اپنے فزیکل شیئرز وصول نہیں کرسکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع یا زیر غیر وصول شدہ شیئرز (اگر کوئی ہوں) کے بارے میں ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کی تعمیل میں، مقررہ طریقہ کار کو مکمل کرنے کے بعد، مقررہ تاریخ سے تین سال کی مدت کیلئے بغیر دعویٰ شدہ تمام منافع جو واجب الادا اور قابل ادا ہوگا، وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کرادیا جائیگا اور شیئرز کی صورت میں، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو بھیج دیا جائیگا۔

#### 8. فائلرز اور نان فائلرز حیثیت:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے تحت منافع کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں حسب ذیل ہونگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1. | ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں ظاہر ہونے والے شیئر ہولڈرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 15% |
| 2. | ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں ظاہر نہ ہونے والے شیئر ہولڈرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 30% |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں، ہر ایک ہولڈر کو انفرادی طور پر ATL میں ظاہر ہونے اور ATL میں ظاہر نہ ہونے کے طور پر سمجھا جائیگا اور ہر مشترکہ ہولڈر کے شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس کاٹ لیا جائیگا جیسا کہ شیئر ہولڈرز نے تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار درج ذیل کے مطابق مطلع کیا ہے، یا اگر مطلع نہیں کیا گیا ہے تو، ہر مشترکہ ہولڈر کے پاس شیئرز کی ایک برابر تعداد کو فرض کیا جائیگا۔

CNIC/NTN نمبرز اب لازمی ہے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے جاری کردہ ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) کے مطابق ٹیکس کی حیثیت کو بروقت چیک کرنے کیلئے ضروری ہے۔

(i) کسی بھی سوال/ مسئلے/ معلومات کیلئے، سرمایہ کار درج ذیل فون نمبرز، یا ای میل پر شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں:

CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ،

CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، S.M.C.H.S.، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

ای میل info@cdcsrsl.com ٹیلیفون نمبر 0800-23275

(ii) CDC اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے متعلقہ شرکاء کیساتھ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اَپ ڈیٹ کرنا ضروری ہے، جب کو کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی شیئر رجسٹرار یعنی میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیجنا چاہیئے، شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت، جیسا بھی معاملہ ہو، کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ لازمی دینا چاہیئے۔

#### 9. وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے AGM میں شرکت:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر 6 مورخہ 3 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی شرکت کے علاوہ ممبران کی ذاتی طور پر شرکت کا بندوبست کریں، وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کو بعنوان ''آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ AGM کیلئے رجسٹریشن'' اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں اطراف کی کارآمد کاپی کیساتھ cdcsr@cdcsrsl.com پر ای میل کریں، وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کیساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، تمام مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل، مورخہ 26 اکتوبر 2024 کو یا اس سے قبل AMG کے وقت سے پہلے موصول ہوئی ہوں۔

شیئر ہولڈرز AGM کے ایجنڈا آئٹمز کیلئے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل ایڈریس پر بھی فراہم کرسکتے ہیں:

cdcsr@cdcsrsl.com

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا پورا نام | کمپنی | CNIC نمبر | فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | موبائل فون نمبر | رجسٹرڈ ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | آغا اسٹیل انڈسٹریز لمیٹڈ | | | | |

**نوٹ:**

- اجلاس کا نوٹس، شیئر ہولڈرز کو بھیجنے کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ www.aghasteel.com پر بھی رکھا گیا ہے۔
- شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے، کمپنی، پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے مقام تک پہنچانے اور واپس پاکستان اسٹاک ایکسچینج لانے کیلئے صبح 10:00 بجے سے ٹرانسپورٹ فراہم کریگی۔

#### 10. سالانہ اجلاس میں شیئر ہولڈرز کیلئے ضابطہ اخلاق:

(I) کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') کی شق 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ضابطہ 28، شیئر ہولڈرز کا درج ذیل ضابطہ اطلاق بیان کرتا ہے

(a) شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کیلئے براہ راست انتظامیہ سے رجوع کرنے اور اثر ورسوخ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جس کی وجہ سے انتظامیہ کو ہموار کام کرنے میں رکاوٹیں پیش آسکتی ہیں، قانون میں کہا گیا ہے کہ شیئرز ہولڈرز ایسا مواد نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں AGM منعقد ہو رہی ہے، خود کو AGM کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں اور کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے کے طریقوں کو استعمال نہیں کریں گے۔

(b) کوئی بھی شیئر ہولڈر جو اس شق میں فراہم کردہ اور کمیشن کے بتائے ہوئے طریقے سے کام کرنے میں ناکام رہتا ہے اس وہ اس شق کے تحت کسی غلطی کا مرتکب ہوگا اور اسٹینڈرڈ اسکیل کے لیول 1 کے تحت جرمانے کا ذمہ دار ہوگا۔

(II) مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 185 کی تعمیل میں، کمپنی کو اجازت نہیں ہے کہ وہ اپنے اجلاس میں اپنے ممبروں کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرے۔